# 1748 ـ بچے کی پیدائش پرایک بیوی کوھدیہ دینا

**سوال**

ایک شخص کے پاس دوبیویاں ہیں ، ہمارے ہاں یہ عادت ہے کہ جب بیوی کے ہاں بچہ پیدا ہوتا ہے تونفاس کے بعد خاوند اسے بطور ھدیہ کچھ دیتا ہے ، توکیا جب ان میں ایک کے ہاں بچہ پیدا ہوتوھدیہ دونوں کودینا لازم ہے یا کہ صرف بچہ جننے والی کو ہی دیا جائے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

اصل تو یہی ہے کہ جب ایک بچہ جنے تودوسری کوھدیہ دینا لازم نہیں کیونکہ جب اس کے ہاں بھی بچہ پیدا ہوگا تواسے بھی ھدیہ دیا جائے گا اوردوسری کونہیں ملے گا ، لیکن یہ ہے کہ ھدیہ دینے میں عدل اوربرابرکی جانی لازمی ہے ۔

یعنی وہ اس طرح کہ جس نے بچہ جننا اسے ایک سو بطور ھدیہ دیا ہے تودوسری کوبھی وقت پیدائش سو ہی دے نہ کہ کم یا زیادہ ، اورولادت سے قبل دینا بھی لازم نہیں ۔

لیکن جب مشاکل کا خدشہ ہو اوروہ یہ دیکھے کہ دونوں کوھدیہ دینے سے ان مشکلات سے نجات حاصل ہوسکتی ہے توپھر دونوں کوہی ھدیہ دے تواچھا اوربہتر ہے اورپھر اس میں تالیف قلب بھی ہے ۔

واللہ تعالی اعلم ۔ .